


AGRITECH

خوشحالی کی بُنیاد — تارا کی کھاد

all over & beyond
TARA تارا

**کپاس کی اہمیت:** کپاس ہمارے ملک کی ایک اہم ترین ریشہ دار فصل ہے۔ پاکستان دُنیا بھر میں کپاس پیدا کرنے والے ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے اور پنجاب کو اس لحاظ سے ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ مجموعی ملکی پیداوار کا تقریباً 80 فیصد پنجاب میں پیدا ہوتا ہے۔ کپاس کی فصل پاکستان کی معیشت اور کاشتکار کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ موجودہ صورتِ حال میں بھی کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کی گنجائش موجود ہے۔ کاشتکار کپاس کی کاشت سے برداشت تک جدید طریقوں کو اپنا کر فی ایکڑ پیداوار اور معیار دونوں میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

**کپاس کی بہتر اور بھرپور پیداوار کے لئے کھادوں کا استعمال:** جس طرح زمینوں پر سال ہا سال سے مسلسل کاشت ہو رہی ہے اور سال بہ سال زیادہ سے زیادہ پیداواری اہداف کے حصول پر بھی توجہ ہے۔ اُسی نسبت اور تناسب سے زمینوں سے غذائی اجزاء کا اخراج بھی زیادہ سے زیادہ ہو رہا ہے۔ لہٰذا کپاس کی بہتر، بھرپور اور اعلیٰ کوالٹی کی پیداوار کے لئے دوسرے زرعی عوامل کے ساتھ ساتھ کھادوں کا پورا، مناسب اور متوازن مقدار میں بروقت استعمال بھی بہت اہمیت کا حامل ہے۔ نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاش کے بعد فصلوں کے لئے چوتھا اہم غذائی عنصر سلفر ہے۔ فصلوں کو دوسرے غذائی اجزاء کی طرح سلفر اور کیلشیم کی بھی ایک خاص مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔ فصلیں سال ہا سال سے دوسرے غذائی اجزاء کے ساتھ ساتھ زمینوں سے جتنی مقدار میں سلفر نکالتی جا رہی ہیں اُس سے زیادہ مقدار میں زمینوں کو سلفر واپس دینا بھی نہایت اہم ہے سلفر کے بغیر والی کھادیں اور اُن کا مسلسل استعمال اور سلفر کے استعمال پر کم توجہ زمینوں میں سلفر کی کمی کا سبب بن سکتا ہے۔ سلفر فصلوں کی بہتر نشوونما، بڑھوتری اور پیداوار کے لئے خاطر خواہ حد تک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ فصلوں میں سبز مادہ بننے اور پروٹین بنانے کے عوامل کا بھی حصہ ہے۔ سلفر اور کیلشیم زمین، پودوں اور زمین میں موجود حیاتیاتی زندگی کی بھی ضرورت ہیں۔ ہماری زمینوں کا درجہِ تعامل (pH) اساسی ہے۔ پوٹھوہار کے کچھ علاقہ جات کی زمینوں میں سلفر کی قدرتی طور پر کمی ہے۔ ریتلی زمینوں اور زیادہ بارش والے علاقے کی زمینوں سے سلفر (متحرک ہونے کی وجہ سے) زمین کی نچلی تہوں میں چلا جاتا ہے اور پودوں کی جڑوں کے دائرۂ حصول سے باہر نکل جاتا ہے۔ ان حالات میں سلفر کی فصلوں کو دستیابی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان میں سفید اور کالے کلر والی زمینوں میں ہوا اور پانی کا گزر کم ہو جاتا ہے اور زمینیں سختی کی طرف مائل ہوتی ہیں اکثر علاقہ جات میں زیرِ زمین ٹیوب ویل کا پانی (سوڈیم یا دوسرے نمکیات کی موجودگی کی وجہ سے) آبپاشی کے لئے مناسب اور موزوں نہیں ہے۔ ان مندرجہ بالا وجوہات کے پیشِ نظر ایک ایسی کھاد کا استعمال جو زمینوں کی زرخیزی، صحت اور اصلاح، غیر موزوں پانی میں نمکیات کے اثرات کو زائل کرنے اور فصلات کی بہتر اور بھرپور پیداوار کے لئے زیادہ موزوں ہونا ضروری ہو جاتا ہے۔ سلفر اور کیلشیم کی کپاس کے پودوں کو دستیابی بھی کپاس کی پیداوار پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ سلفر بیج میں تیل کی مقدار میں اضافے کا باعث بھی بنتا ہے۔ سلفر کی اہمیت کے پیشِ نظر اب اس عنصر کو بھی فصلوں پر استعمال کر کے پیداوار میں مزید اضافہ کیا جا سکتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اجزائے صغیرہ کا استعمال بھی کپاس کی پیداوار پر مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔



* **تارا سُپر دانے دار** (سنگل سُپر فاسفیٹ 18%) 18 فیصد یقینی فاسفورس کی فراہمی کے ساتھ ساتھ جپسم (سلفر اور کیلشیم) مہیا کرنے والی ایک مُنفرد اور انتہائی تیزابی کھاد ہے۔ جو ہمارے ملک کی زمینوں کے لئے موزوں ترین اور ہر طرح کی فصلوں کے لئے بہترین فاسفورسی کھاد ہے۔

## تارا سُپر دانے دار (سنگل سُپر فاسفیٹ دانے دار 18%) کے استعمال کے فوائد:

* **تارا سُپر دانے دار** میں 18 فیصد یقینی قابل حصول فاسفورس۔
* **تارا سُپر دانے دار** انتہائی تیزابی پی ایچ (کم درجہِ تعامل) والی کھاد ہماری اساسی، کپی اور کلراٹھی زمینوں کے لئے زیادہ بہتر اور موزوں ترین۔
* **تارا سُپر دانے دار** کے مناسب مقدار میں استعمال سے پودوں کی جڑوں کی بہترین نشوونما، جڑیں گھنی، مضبوط اور پودوں کی شاخوں کی بھرپور بڑھوتری۔
* **تارا سُپر دانے دار** میں سلفر کی موجودگی زمین کی زرخیزی کے لئے بہتر اور فصل کی پیداواری میں اضافہ کا باعث۔
* **تارا سُپر دانے دار** میں موجود 46% جپسم (کیلشیم اور سلفر) سے زمین کی زرخیزی اور فصل کی پیداوار پر مثبت اثرات اور زمین کی اصلاح میں معاونت۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کھاد میں دوسرے چند اجزائے صغیرہ کی بھی مناسب مقدار میں موجودگی۔

- **تاراسُپر دانے دار** کا مُستقل اور مُسلسل استعمال زمین کی زرخیزی میں مستقل اور مُسلسل اضافہ کا باعث۔
- **تاراسُپر دانے دار** کے استعمال سے زمین میں پانی جذب کرنے اور اُسے دیر تک محفوظ رکھنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے اور زمین نرم اور بُھر بُھری رہتی ہے۔فصل کی جڑیں جلد، زیادہ لمبی اور گہرائی تک پھلتی پھولتی ہیں۔ جو فصل کو زمین کی نچلی تہوں سے زیادہ خوراک اور پانی بہم پہنچانے کے علاوہ گرنے سے بھی بچاتی ہیں۔

## زمین کی زرخیزی میں مستقل اور مسلسل اضافہ کے لئے اور کپاس کی بھرپور اور بہتر پیداوار کے لئے تاراسُپر دانے دار (سنگل سُپر فاسفیٹ %18) کی عمومی سفارشات

بہترین پیداوار کے لئے کھادوں کا انتخاب، کھادوں کا استعمال اور اُن کی مقدار کا تعین علاقہ اور زمین کی قسم اور نوعیت، زمین کی بنیادی زرخیزی کے معیار، زمین کی پی ایچ (pH)، زمین کے کلراٹھے پن، دستیاب نہری یا ٹیوب ویل کے پانی کی مقدار اور حالت، مختلف فصلوں کی کثرتِ کاشت (Cropping Intensity)، گزشتہ فصل پچھلی فصلات کی کارکردگی، فصل اور فصل کی قسم (ورائٹی) کھادوں کی ضرورت اور پیداواری ہدف کو سامنے رکھ کر کیا جانا چاہیئے۔

**بی ٹی اقسام کے لئے کھادوں کا استعمال:** کپاس میں کھادوں کے استعمال کے وقت پودوں کی ظاہری حالت، موسم اور کپاس کی قسم کو بھی مدِّنظر رکھیں۔ بی ٹی اقسام کا دورانیہ کیونکہ عام اقسام سے لمبا ہوتا ہے۔لہٰذا اُن کو عناصرِ کبیرہ اور عناصرِ صغیرہ کی زیادہ مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔ فاسفورس، پوٹاش، زنک اور بوران کی تمام مقدار بوائی کے وقت استعمال کریں۔

**جدید تحقیق کے مطابق نائٹروجن کے ساتھ ساتھ پوٹاش والی کھاد کو بھی ایک دم ڈالنے کی بجائے حصوں میں ڈالنے سے زیادہ بہتر نتائج سامنے آتے ہیں۔**

اگیتی کاشت کے لئے 1/6 حصہ نائٹروجن (تارا یوریا) بوائی کے وقت 1/6 حصہ پہلے پانی پر جبکہ باقی ماندہ نائٹروجنی کھاد ایک پانی چھوڑ کر اگلے پانی پر ڈالتے جائیں یا موسم، قسم زمین اور فصل کی حالت کو دیکھ کر فیصلہ کریں۔

مئی میں کاشتہ فصل کے لئے 1/4 حصہ نائٹروجن بوائی کے وقت 1/4 حصہ پہلے پانی پر 1/4 حصہ ڈوڈیاں بننے پر اور 1/4 حصہ ٹینڈے بننے پر استعمال کریں۔ بوائی کے وقت کھادوں کا چھٹہ کرتے وقت اگر ان کو 200 کلوگرام گوبر کی کھاد (FYM) کے ساتھ ملالیں تو مزید بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔خشک زمین میں نائٹروجنی کھاد ڈالنے کی صورت میں فصل کو فوراً پانی لگائیں۔شام کے وقت کھاد ڈالنا زیادہ بہتر ہے۔

**بی ٹی اقسام کے لئے کھادوں کی سفارشات (فی ایکڑ):** **اگیتی کاشت:** 5 بوری تاراسُپر دانے دار %18 + ڈیڑھ سے 2 بوری پوٹاش والی کھاد + 5 کلوگرام زنک سلفیٹ %33 (21 فیصد والی 10 کلوگرام) + ساڑھے تین کلوگرام بوریکس + 6 تا 7 بوری تارا یوریا (6 برابر حصوں میں بجائی پر اور ایک پانی چھوڑ کر اگلے پانی پر)

**مئی کاشت:** 4 بوری تاراسُپر دانے دار %18 + ڈیڑھ بوری پوٹاش والی کھاد + 5 کلوگرام زنک سلفیٹ %33 (21 فیصد والی 10 کلوگرام) + ساڑھے تین کلوگرام بوریکس۔

فصل کی قسم، زمین کی زرخیزی اور موسم کے مطابق نائٹروجن کی مقدار کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ لمبے قد والی اقسام میں نائٹروجن کی مقدار کم استعمال کریں۔ تاہم فصل کی حالت اور ٹینڈوں کی تعداد کے مطابق نائٹروجن کی مقدار میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔




**کپاس کی روائتی اقسام کے لئے کھادوں کا وقت اور طریقہءِ استعمال:** فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجن کی مقدار کا 1/3 حصہ بوائی کے وقت استعمال کریں 1/3 حصہ نائٹروجن پہلے پانی کے ساتھ (ڈوڈیاں بننے پر) اور باقی ماندہ نائٹروجن دوسرے پانی کے ساتھ (پھول شروع ہونے پر) استعمال کریں۔ یوریا کا استعمال 15 اگست تک مکمل کر لیں۔کھادوں کی بہتر افادیت کے لئے ان کو رجر کے ذریعے پودے سے 5 تا 8 سینٹی میٹر (2 تا 3 انچ) دور اور 4 تا 6 سینٹی میٹر (1 تا 2 اِنچ) زمین کی گہرائی میں ڈالیں۔ نائٹروجن کی باقی کھاد آبپاشی کے بعد کھیت کے وتر آنے پر رجر کے ذریعے استعمال کریں۔ رجر کی غیر دستیابی کی صورت میں وتر کھیت میں ہاتھ سے پور کے ذریعے یوریا پودوں کی لائنوں کے ساتھ ساتھ ڈال کر فوراً گوڈی کر دیں۔ بہتر ہے کہ کھاد شام کے وقت ڈالیں۔ فاسفورسی کھاد کے ساتھ گلی سڑی گوبر کی کھاد ملا کر استعمال کرنے سے مزید بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔گزشتہ فصلوں کی باقیات کو کھیت میں دبائیں اور سبز کھاد کا بھی استعمال کریں۔

**کپاس کی روائتی (امریکن کپاس اور دیسی کپاس) کے لئے کھادوں کی سفارشات (فی ایکڑ)**

4 بوری تاراسُپر دانے دار %18 + ایک بوری پوٹاش والی کھاد + ڈیڑھ سے 3 بوری تارا یوریا۔

اجزائے کبیرہ کے ساتھ ساتھ اجزائے صغیرہ (زنک اور بوران) کا استعمال بھی کپاس کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

**نوٹ:** کلراٹھی زمینوں میں یوریا کی بجائے تارا امونیئم سلفیٹ کا استعمال بہتر نتائج دیتا ہے۔

## بھرپور اور لہلہاتی فصل کیلئے ایگری ٹیک کے چمکتے تارے




ISO 9001-2000 — UKAS ENVIRONMENTAL MANAGEMENT

ISO 14001 — UKAS ENVIRONMENTAL MANAGEMENT

**Head Office:**
*Agritech Limited:* 2nd Floor, Asia Centre, 8-Babar Block, New Garden Town, Lahore - Pakistan
Tel: +92-42-35860341-45, Fax: +92-42-35860339-40

**Urea Plant:** ***Mianwali:***
Iskanderabad, Distt. Mianwali - Pakistan.
Tel: +92-459-392346-50

**SSP Plant:** ***Haripur:***
Near Kangra Colony, Hattar Road, Distt. Haripur - Pakistan.
Tel: +92-995-616124-5



AGRITECH خوشحالی کی بُنیاد تارا کی کھاد

all over & beyond TARA تارا